نحن انصاراللّٰہ

سرکلر نمبر3

# سالانہ لائحہ عمل 2025ء

مجلس انصاراللہ بھارت

# عہد
# انصاراللہ

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَه

وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

مَیں اقرار کرتاہوں کہ اسلام احمدیت کی مضبوطی اور اشاعت اور نظامِ خلافت کی حفاظت کیلئے اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالیٰ آخردم تک جدوجہد کرتارہوں گا اور اس کیلئے بڑی سے بڑی قربانی پیش کرنے کیلئے ہمیشہ تیار رہوں گا نیز مَیں اپنی اولاد کو بھی ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتارہوں گا۔

(اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالیٰ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰی عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ


دفتر مجلس انصار اللہ بھارت

Office Of The Majlis Ansarullah Bharat

Mohallah Ahmadiyya Qadian-143516, Distt.Gurdaspur (Punjab) INDIA

Ph:+91-1872-220186, Fax:+91-1872-224186, Mob.98150-16879, E-Mail:ansarullah@qadian.in


حوالہ Ref. 1267-1567 تاریخ Date 11-01-2025

بخدمت مکرم ناظم صاحب ضلع / زعیم صاحب اعلیٰ / زعیم صاحب مجلس!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ مع اراکین مجلس انصار اللہ واحباب جماعت بفضلہٖ تعالیٰ بخیر وعافیت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین

الحمد للہ انصار اللہ کا نیا سال یکم جنوری 2025ء سے شروع ہو چکا ہے۔ دوران سال مجلس انصار اللہ کی مختلف قیادتوں میں کئے جانے والے اہم وضروری کاموں کے بارے میں ایک گائیڈ لائن پیش خدمت ہے۔ اس کے مطابق سال بھر اپنے کاموں کو بر وقت کرنے کی کوشش کریں اور ہر ماہ مقررہ تاریخ سے پہلے اپنی رپورٹ مرکز بھجوائیں۔ جزاکم اللہ

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی ذمہ داریاں خلیفہ وقت کی توقعات کے مطابق احسن رنگ میں ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام

خاکسار

صدر مجلس انصار اللہ بھارت

# سال 2025ء
# "اُسوۃ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم"

سال 2025ء کو سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے "اُسوۃ رسول ﷺ" کے حوالہ سے منایا جائے گا۔اس میں درج ذیل منظور شدہ شقیں شامل ہوں گی۔ ان شاءاللہ۔

1۔ **تربیتی اجلاسات :** سال 2025ء میں ماہانہ تربیتی اجلاسات یا ان میں سے بیشتر "اسوہ ٔرسول ﷺ "کے عنوان کے تحت منعقد کیے جائیں گے اور اس کے لئے ہر ماہ 12 صفحات کا مواد مرکز سے مجالس میں ارسال کیا جائے گا۔

2۔ **مقامی و ضلعی اجتماعات :** 2025ء میں تمام مقامی اور ضلعی اجتماعات "اُسوہ ٔرسول ﷺ" کے بینر کے تحت منعقد کئے جائیں گے۔ ان تمام اجتماعات میں کم از کم ایک خصوصی نشست اسی عنوان کے تحت منعقد کی جائے گی جس میں حضرت رسول اکرم ﷺ کے اُسوہ کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کیا جائے گا۔ ان اجتماعات کے لئے مرکز سے ہی ایک banner ڈیزائن کر کے مجالس میں ارسال کیا جائے گا تا کہ تمام اجتماعات ایک جیسے banner کے تحت منعقد ہوں۔

3۔ **مرکزی سالانہ اجتماع:** مرکزی سالانہ اجتماع جو قادیان دار الامان میں منعقد ہو گا یہ اجتماع بھی "اُسوہ ٔرسول ﷺ" کے بینر کے تحت منعقد کیا جائے گا۔ اس اجتماع کے پرگروام بھی اسی عنوان کے مطابق تشکیل دئے جائیں گے۔

4۔ **علمی مقابلہ جات** : مقامی / ضلعی / صوبائی / مرکزی سالانہ اجتماعات کے لئے علمی مقابلہ جات کے موضوعات ''اسوۂ رسول ﷺ'' سے متعلق ہی تجویز کئے جائیں گے۔

6۔ **ڈاکیومنٹری / ایگزیبیشن** : سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ بھارت کے موقعہ پر ''اسوۂ رسول ﷺ'' کے موضوع پر ڈاکیومنٹری اور ایگزیبیشن تیار کی جائے گی۔

7 ۔ **مقالہ نویسی** : سال 2025ء کے مقالہ نویسی کے عنوانات ''اسوۂ رسول ﷺ'' سے متعلق ہی تجویز کئے جائیں گے۔

8۔ **مطالعہ کتب** : شعبہ تعلیم کی مطالعہ کتب اسکیم میں 2025ء کے لئے کتاب ''حضرت مرزا غلام احمد اپنی تحریروں کی رُو سے'' میں سے آنحضرت ﷺ سے متعلق حصہ ''حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم'' مطالعہ کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ اور یہی حصہ اجتماعات کے موقعہ پر منعقد ہونے والے کوئز کے نصاب میں بھی شامل ہو گا۔

9۔ **امتحان دینی نصاب** : امسال کے دینی نصاب کے امتحان کے لئے جو نصاب تشکیل دیا جائے گا اُس میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے رضی اللہ عنہ کی کتاب '' چالیس جواہر پارے '' میں سے بھی ایک حصہ شامل نصاب رکھا جائے گا۔

10۔ **سیرت النبی ﷺ کانفرنس** : ہندوستان کے چند منتخب اضلاع میں وسیع پیمانے پر ''سیرت النبی ﷺ'' کانفرنسز منعقد کی جائیں گی جن میں زیر تبلیغ احباب اور غیر مسلموں کو بھی مدعو کیا جائے گا۔ یہ کانفرنسز ایسے

اضلاع میں منعقد کی جائیں گی جہاں کے انصار اراکین کانفرنسز کے اخراجات برداشت کرنے کے خود متحمل ہوں۔

11۔ **سیمینار :** تمام مجالس میں ''اسوۂ رسول ﷺ'' کے عنوان سے سیمینارز کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا جن میں اُسوہ رسول ﷺ کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ درود شریف پڑھنے کی اہمیت پر خصوصی توجہ دلائی جائے گی۔

12۔ **خصوصی شمارہ رسالہ انصار اللہ :** رسالہ انصار اللہ کا ایک خصوصی شمارہ بعنوان'' اسوۂ رسول ﷺ'' ماہ اکتوبر 2025ء میں شائع کیا جائے گا اور اس خصوصی شمارہ کی رسم اجراء سالانہ مرکزی اجتماع مجلس انصار اللہ بھارت کے موقعہ پر رکھی جائے گی۔

# قیادت تجنید

تجنید تمام شعبہ جات کے لئے بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔صحیح تجنید آئے گی تو باقی شعبے بھی اس کے مطابق اپنی اسکیمیں بنا کے متعلقہ زعماء و ناظمین کو بھجوا سکتے ہیں۔

(1) مجالس اپنی مکمل تجنید 31 جنوری تک بالضرور بھجوادیں۔

(2) جو احباب گذشتہ سال 31 دسمبر تک چالیس سال کی عمر کو پہنچ گئے ہیں اُن کو مجلس انصار اللہ کا رکن بنایا جائے۔

(3) جن مجالس میں انصار کی تعداد دس یا اس سے زیادہ ہے ان میں حزب بندی کریں اور ہر دس انصار پر مشتمل حزب بنا کر اس کا ایک سائق ضرور مقرر کریں۔

(4) نومبائعین انصار کو بھی تجنید میں شامل کیا جائے۔

# قیادت شعبہ عمومی

(1) رپورٹس کی تعداد کو ابھی تک 100فیصد تک پہنچانے میں کامیابی نہیں مل رہی ہے۔مرکزی دفتر کی طرف سے حضور انور کی خدمت اقدس میں ہر ماہ رپورٹ ارسال کی جاتی ہے۔وہ مجالس جو رپورٹیں نہیں بھجواتیں وہ خلیفہ وقت کی دعاؤں سے بھی محروم رہتی ہیں۔ لھٰذاماہانہ رپورٹس مرکز بھجوانے کواپنے کام کابنیادی اور ضروری حصہ بنائیں۔

(2)تمام زعماء اعلیٰ و زعماء مجالس ماہانہ کارگزاری رپورٹس ہر ماہ کی5 تاریخ تک اور تمام ناظمین اضلاع ہر ماہ کی15 تاریخ تک ضرور بھجوایا کریں۔

(3)اَب سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق انصار اللہ کا موازنہ کاسال یکم جنوری سے31دسمبر تک مقرر رہے۔

(4) رپورٹس میں حقائق پر مبنی معین اعداد شمار ہی درج کریں۔

(5) ہر ماہ مجلس عاملہ کے دو اجلاس منعقد ہوں جن میں سے ایک اجلاس قیام نماز اور تبلیغ کے تعلق سے غور کے لئے ہی ہو۔

(6) ناظمین اضلاع اپنے ضلع میں حسب حالات ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک جلسہ سیرۃ النبی ﷺ کاانعقاد یقینی بنائیں۔اس سال کی منظوری شدہ theme کے پیش نظر کم از کم ایک مرتبہ ''اُسوۂ رسول ﷺ'' کے عنوان پر یقینی طور پر سیمینار کاانعقاد کریں۔

(7)مجالس اپنی سہولت کے مطابق سال کے شروع ہی میں ممبران مجلس عاملہ کا ریفریشر کورس منعقد کرکے مرکز کو رپورٹ بھجیں۔اس

ریفریشر کورس میں مجلس عاملہ کے تمام ممبران کو اُن کے کاموں کی اور ذمہ داریوں کے بارہ میں آگاہ کیا جائے۔

(8) سائقین کے نظام کو فعال بنایا جائے اور تعلیمی و تربیتی امور کے علاوہ اطلاعات اور تحریکات کے سلسلہ میں بھی اس نظام سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے۔

(9) **سالانہ رپورٹ :-** مورخہ 31 جنوری تک مرکز میں ضرور بھجوائیں۔

## اجتماعات

(1) مقامی / ضلعی / علاقائی اجتماعات کا انعقاد حسبِ روایات یقینی بنائیں۔ اس سال کی منظور شدہ theme کے پیشِ نظر تمام اجتماعات "اُسوۂ رسول ﷺ" کے بینر کے تحت منعقد کریں۔

(2) اجتماعات کی تاریخ اور تخمینہ بجٹ کی تجاویز قبل از وقت بھجوا کر صدر مجلس انصار اللہ بھارت سے منظوری حاصل کرلیں۔

(3) مرکزی سالانہ اجتماع میں شرکت کرنے والے انصار کی فہرست اجتماع کی تاریخوں سے کم از کم ایک ماہ قبل مرکزی دفتر میں بھجوائیں

**(4) ناظمین اضلاع / زعما اعلیٰ / اور زعماء کرام کی مرکزی اجتماع میں شمولیت لازمی ہے۔ انتہائی مجبوری کی صورت میں صدر مجلس سے قبل از وقت اجازت حاصل کریں۔**

## مجلس شوریٰ:

(1) شوریٰ کے ممبران ایک سال تک شوریٰ کے ممبران ہوتے ہیں لہذا ممبران مجالس شوریٰ اپنی اپنی مجالس میں حضور انور سے منظور شدہ تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کی پوری کوشش کریں۔

(2) مجلس شوریٰ مجلس انصار اللہ بھارت کے لئے مجالس اپنی تجاویز یکم ستمبر سے پہلے بھجوائیں۔
(3) اسی طرح منتخب ممبران مجلس شوریٰ کے نام اجتماع سے ایک ماہ قبل بھجوائیں۔
(4) جماعتی شوریٰ کی منظور شدہ سفارشات پر عملدرآمد کو بھی یقینی بنائیں اور اس سلسلہ میں باقاعدہ رپورٹ مرکزی دفتر میں ارسال کریں۔
(5) گزشتہ 10 سالوں میں مجالس شوریٰ میں پیش ہونے والی تجاویز پر عملدرآمد کے سلسلہ میں وقتاً فوقتاً مرکز سے موصول ہونے والے سرکلرز پر تعمیلی کارروائی کی ہر سہ ماہی میں رپورٹ بھجوانے کا بالخصوص اہتمام کریں۔ان رپورٹس میں درج ذیل امور مدِ نظر رکھے جائیں۔

**منظور شدہ تجاویز مجالس شوریٰ انصار اللہ بھارت میں سے قابل ذکر امور:**

1۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ دیکھنے اور سننے کا باقاعدہ انتظام کیا جائے۔ خلاصہ لکھنے والے انصار کو اجتماع کے موقعہ پر انعامات دئے جائیں۔
2۔ بچوں اور انصار کو اُردو سکھانے کے لئے کلاسز کا اہتمام کیا جائے۔ امتحان لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں اور انصار کو اجتماعات کے موقعہ پر انعامات دئے جائیں۔
3۔ سال میں کم از کم ایک مرتبہ Elderly Day منایا جائے۔
4۔ رشتہ ناطہ کے سلسلہ میں گھروں کا وزٹ کرکے کوائف اکٹھا کرکے مرکز بھجوائے جائیں۔اسی طرح قابل شادی لڑکے اور لڑکیوں کی

کاونسلنگ کے حوالہ سے منظور شدہ کاونسلنگ اسکیم کو یقینی بنایا جائے۔ اس حوالہ سے ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک مرتبہ اجلاس کاانعقاد بھی کیا جائے اور ان اجلاسات میں والدین اور قابل شادی لڑکے لڑکیوں کو بھی شامل کیا جائے۔

5۔ قُرآن کریم کے تراجم یا کم از کم ''منتخب آیات'' کا ترجمہ غیر از جماعت اور غیر مسلم احباب تک زیادہ سے زیادہ تعداد میں پہنچانے کے حوالے سے کارروائی کی جائے۔

## تربیتی کیمپس:

ناظمین اضلاع مورخہ 15فروری2024ءسے پہلے پہلے نشاندہی کرکے تربیتی کیمپ کے انعقاد کے حوالے سے رپورٹ بھجوائیں تاکہ سابق میں جہاں تربیتی کیمپس منعقد نہیں ہوئے وہاں تربیتی کیمپس کا انعقاد کیا جاسکے۔یہ کیمپس سہولت کے حساب سے ایک روزہ یادوروزہ ہوسکتے ہیں۔

# قیادت شعبہ تعلیم

(1)تمام انصار کو مکمل نماز باترجمہ یاد ہوناضروری ہے۔اس کے لئے فرداً فرداًجائزہ لیاجائےاور کمی نظر آنے پراسے دور کرنے کاانتظام کیاجائے۔
(2)جو انصار قرآن کریم پڑھنا نہ جانتے ہوں اُن کو سکھانے کا انتظام کریں۔

(3)احادیث رسول اللہ ﷺ کے دُروس میں انصار کی زیادہ سے زیادہ شمولیت یقینی بنائیں۔ جس جگہ ایسے دُروس کا انتظام نہیں وہاں ان کے اجراء کی کارروائی کی جائے۔

(4)**مطالعہ کتب حضرت مسیح موعودؑ:**

کتاب **"حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ اپنی تحریروں کی رو سے"** صفحہ نمبر 400 تا 495 **(باب خاتم النبیین سیّدنا حضرت محمد مصطفٰے ﷺ۔ مکمل)** مطالعہ کے نصاب میں شامل ہے۔

ہر ماہ کتاب مذکورہ بالا سے کم از کم 8 صفحات کا مطالعہ کریں۔

ہر دو ماہ خلاصہ بطرز سوال و جواب مرکز کی طرف سے مجالس کو بھجوایا جائے گا۔ ان شاءاللہ

(5) مجالس میں تعلیمی کلاسوں کا انعقاد کروایا جائے۔

(6)جماعتوں میں اُردو پڑھانے اور سکھانے کے خصوصی پروگرام بنائے جائیں اور کلاسز لگائی جائیں۔ **ماہانہ کارگذاری رپورٹ کے ساتھ اس خصوصی کارگذاری کی رپورٹ شامل کی جائے۔ سال رواں میں درج ذیل کتاب پڑھانے کا اہتمام کیا جائے۔**

**اردو کی کتاب دوم : مرتبہ مولانا محمد حمید کوثر صاحب (مکمل)**

معلمین و مبلغین کرام کے ذریعہ تمام اُردو نہ جاننے والی مجالس میں روزانہ 15،20 منٹ تک اردو کلاسز لگوائی جائیں ۔ ناظم صاحب ضلع یا زعیم صاحب مجلس اس کی نگرانی کریں۔

(اڈیشہ، کیرالہ، تامل ناڈو، آندھرا، بنگال، آسام، راجستھان وغیرہ)

اردو زبان کے فروغ و ترویج کے سلسلہ میں قیادت تعلیم کی طرف سے اُردو زبان کی اہمیت پر مشتمل سر کلرز بھی وقتاً فوقتاً مجالس کو بھجوائے جائیں گے۔

**کلاسز کا انعقاد:** ماہ اگست میں مذکورہ بالا صوبہ جات میں، 15 روزہ تعلیمی کلاسز کا قیادت تعلیم کے ذریعہ انعقاد کیا جائے گا۔ ان کلاسز میں اراکین انصار اللہ کے مطالعہ میں رکھی گئی کتاب اور اردو زبان سکھانے پر مشتمل کلاسز لگائی جائیں گی۔

کلاسز کے بعد ماہ اگست میں اس کتاب پر مشتمل امتحان لیا جائے اور اول، دوم وسوم آنے والوں کو انعامات دیئے جائیں۔

## (7) امتحان دینی نصاب:

دینی نصاب کا امتحان مورخہ 18 مئی 2024ء کو منعقدہ کیا جائے۔ اس امتحان میں صد فی صد انصار کو شامل کیا جائے۔

دینی نصاب کے امتحان کے لئے نصاب درج ذیل ہو گا:

i) سورۃ بقرہ رکوع نمبر 11 تا 15

(ii) کتاب ''حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ اپنی تحریروں کی رو سے'' صفحہ نمبر 400 تا 495 (باب خاتم النبیین سیّدنا حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ۔ مکمل)

(iii) چالیس جواہر پارے حدیث نمبر 21 تا 30

(iv) کتاب 'عرفان ختم نبوت کا ادراک اور حضرت مسیح موعودؑ کی بعثت کے مقاصد' (یہ کتاب دفتر انصار اللہ بھارت سے قیمتاً حاصل کی جاسکتی ہے)

## انعامی مقالہ نویسی (گروپ الف و ب) 2025ء

امسال انعامی مقالہ کے لئے انصار کو دو گروپس میں منقسم کیا گیا ہے۔

**گروپ الف:** مبلغین کرام و پوسٹ گریجویٹ انصار

**گروپ ب:** معلمین کرام ودیگر انصار

مقالہ کے عناوین اور شرائط درج ذیل ہیں:۔

گروپ الف کا عنوان:

**صداقت شعاری میں رسول اللہ ﷺ کا بلند ترین مقام**

گروپ ب کا عنوان:

**تربیت اولاد اُسوہ رسول ﷺ کی روشنی میں**

اس انعامی مقالہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے دونوں گروپس کے انصار کو درج ذیل تفصیل کے مطابق الگ الگ انعامات سے نوازا جائے گا۔

**انعامات کی تفصیل درج ذیل ہے:**

اوّل : سند امتیاز اور پانچ ہزار (5000) روپے نقد

دوئم : سند امتیاز اور تین ہزار پانچ صد (3500) روپے نقد

سوئم : سند امتیاز اور دو ہزار (2000) روپے نقد

**شرائط مقابلہ مقالہ نویسی:**

☆ مقالہ کے الفاظ 15 ہزار سے کم اور 20 ہزار سے زائد نہ ہوں۔ ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شامل نہیں کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 15 ہزار سے کم اور 20 ہزار سے زائد ہو گی۔

☆ مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور سے تحریر کریں۔

☆ جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنّفین، کتاب کا نام،ایڈیشن، مطبع ، سنِ اشاعت ، جلد و صفحہ نمبر درج کیا جائے۔اور حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆ مقالہ کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں یا کمپوز کریں۔مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

☆ مقالہ مرکز بھجوانے کی آخری تاریخ 31/جولائی 2025ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شامل نہیں کئے جائیں گے۔

☆ مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان،اپنا مکمل نام معہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس معہ فون نمبر،اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆ اس مقابلہ میں مجلس انصار للہ بھارت کے ارا کین ہی شریک ہو سکتے ہیں۔

☆ مجلس انصار اللہ بھارت کے ارا کین اپنے مقالہ جات مقامی مجلس کے توسط سے قیادت تعلیم مجلس انصار للہ بھارت (قادیان) کو بھجوائیں۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ اُردو،ہندی،انگریزی میں لکھا جاسکتا ہے۔

☆مقالہ میں فہرست مضامین، تعارف، پیش لفظ اور اختتامیہ وغیرہ شامل ہو۔

☆ مقالہ کسی دوسرے مقالہ نگار سے، کسی کتاب یا مضمون سے من وعن نقل نہ کیا گیاہو بلکہ اپنی تحقیق اور محنت ہو۔اگر کوئی مقالہ ایسا پایاجائے گاتو اُسے ردّ کیاجائے گا۔

**نوٹ:۔ اب ہر مجلس کے لئےیہ لازم قرار دیا گیاہے کہ وہ مذکورہ عنوان پر کم از کم ایک(1) مقالہ ضرور پیش کرے ۔معیار موازنہ مجالس کے مطابق ہر 20 انصار کی کسر پر ایک مقالہ بھجوانے والی مجالس ہی ملکی موازنہ میں مقالہ کے لئے مقررہ مکمل نمبرات کی حق دار قرار پاسکیں گی۔ ان شاء اللہ**

## ایم ٹی اے کے پروگراموں سے استفادہ:

لائیو خطبات ، بچوں کی دنیا، سیرت آنحضرت ﷺ اور سیرت مسیح موعودعلیہ السلام اور خلفاء کرام کی سیرت وغیرہ پر مشتمل پروگرامز بچوں اور اراکین انصار کو مجالس میں دکھانے کا انتظام کروایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ناظم ضلع / زعماء مرکز کو رپورٹ دیں گے۔

## نصاب برائے مقابلہ کوئز اراکین انصار اللہ بھارت:

i) کتاب ”حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ اپنی تحریروں کی رو سے“صفحہ نمبر 400 تا495(باب خاتم النبیین سیّدنا حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ۔ مکمل)

نوٹ: کتاب ہذا کے مذکورہ بالا نصاب میں سے سوالات قیادت تعلیم کی طرف سے تیار کر کے مجالس کو بھجوائے جائیں گے۔انشاءاللہ

iii)معلومات عامہ 2024،2025

iv)خطبات حضور انور:اسوۂ حسنہ حضرت رسول اللہ ﷺ۔2024 کے خطبات کی روشنی میں۔

نوٹ:خطبات میں سے سوالات قیادت تعلیم کی طرف سے تیار کر کے مجالس کو بھجوائے جائیں گے۔انشاءاللہ

# قیادت تعلیم القرآن وقف عارضی

انصار اراکین کو وقف عارضی کرنے کی موثر رنگ میں ترغیب دلائی جائے۔ وقف عارضی کرنے والے انصار قُرآن مجید نہ جانے والے انصار اور بچوں کو قرآن کریم پڑھائیں۔عاملہ کے ممبران کو اس سلسلہ میں اپنا خاص نمونہ پیش کرنا ہو گا۔

(1) قرآن مجید ناظرہ نہ جاننے والے انصار کی فہرست تیار کروائیں اور ان کو قرآن کریم ناظرہ سکھانے کے لئے کلاسز کا اہتمام کریں۔

(2) جو ناظرہ جانتے ہیں اُن کو ترجمہ و تفسیر سکھانے کا اہتمام کیا جائے۔

(3) زیادہ سے زیادہ انصار کی تعلیم القرآن کلاسوں میں شمولیت یقینی بنائیں۔

(4) وقف عارضی کا بڑا مقصد رضا کارانہ طور پر اپنے خرچ پر مختلف جماعتوں میں جا کر قرآن کریم سکھانے کی کلاسز کو منظم کرنا ہے۔اس مقصد کے لئے سال میں دو ہفتہ سے چھ ہفتہ تک کا عرصہ خدمت دین کی غرض سے وقف عارضی کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنے کی انصار کو ترغیب دلائیں۔

# قیادت شعبہ تربیت

انصار اپنے گھروں کی نگرانی رکھیں کہ ان کے بیوی بچے باقاعدہ گھروں میں نمازادا کرتے ہیں کہ نہیں۔ اوراگر لڑکے ہیں تو لڑکوں کی نگرانی رکھیں کہ وہ مسجد میں نماز پڑھنے جاتے ہیں کہ نہیں۔ باجماعت نمازوں کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔

تربیت میں یہ بھی مدنظر رکھیں کہ انصار میں بھی جاکے یہ رجحان پیدا ہو گیا ہے کہ گھروں میں لڑائیاں بہت ہوتی ہیں۔اس سلسلہ میں بھی تربیت کی ضرورت ہے۔عاملہ کے ممبران کو پہلے بطور خاص خود ایک نمایاں مثال اس سلسلہ میں بھی قائم کرنی چاہئے۔

(1)ہر ماہ کم از کم ایک تربیتی اجلاس عام ضرور منعقد کیاجائے۔اس کے لئے ہر ماہ قیادت تربیت کی جانب سے بھجوائے جارہے تربیتی مواد سے استفادہ کیاجاسکتاہے۔

(2)ہرماہ ایک مرتبہ باجماعت نمازِتہجد کااہتمام کروائیں۔

(3)ایم ٹی اے سے بھرپور استفادہ کریں۔خطبہ جمعہ اور خطابات حضور انور تمام انصار خصوصاً عہدیداران مساجد اور نماز سینٹر میں حاضر ہو کر سننے کی کوشش کریں۔

(4)اخبار بدر کامطالعہ بہت ضروری ہے۔اللہ کے فضل سے اخبار بدر اردو کے علاوہ مختلف علاقائی زبانوں میں ہر ہفتہ شائع ہو رہاہے۔زیادہ سے زیادہ انصار

کواس طرف متوجہ کرنےاور مطالعہ کی عادت ڈالنے کے لئے سیمینار یا ڈسکشن پرو گرامز منعقد کئے جائیں۔

(5)ہر ناصر ہر ماہ کم از کم ایک دعائیہ خط سیدنا حضور انور کو ضرور لکھے اس امر کی بار بار تلقین کی جائے۔

(6)انصار میں اس امر کی اہمیت کااحساس جگائیں کہ وہ خود اپنے نیک عملی نمونے قائم کریں۔ واقفین نو اور آئندہ آنے والی نسل کی تربیت کے لئے عملی نمونہ بنیں۔

(7) دوران سال دو ہفتہ تربیت منائیں۔

(8)جماعتی تقریبات مثلاً جلسہ سیرت النبی ﷺ، یوم مسیح موعودؑ ،یوم مصلح موعودؓ اور یوم خلافت کے موقعہ پر انصار کی بھرپور شرکت یقینی بنائیں۔

(9)حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات کی روشنی میں تیار کردہ کتابچہ 'اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح' ہر ناصر بار بار پڑھے اور اجلاسات اور میٹنگز میں اس کے اقتباسات پڑھ کر سنائے جائیں۔

# قیادت تربیت نو مبائعین

نو مبائعین کی تربیت کے لئے خاص پرو گرام بنائے جائیں۔ نمازوں کی طرف توجہ دلائی جائے۔ جن نماز نہیں آتی اُن کو نماز سکھانے کاانتظام ہو۔ ان کو جماعتی نظام، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دعوے خلافت کے نظام کے

بارہ میں پتہ ہونا چاہیئے۔ کچھ نہ کچھ مالی قربانی کی طرف بھی توجہ دلانے کی کوشش کریں۔ وقف جدید ، تحریک جدید میں شامل ہوں اس طرح پھر وہ مین اسٹریم میں شامل ہوجائیں گے خاص طور پر دیہاتوں میں رہنے والوں کی تربیت کے پروگرام بنائے جائیں۔

(1)نومبائعین کو نماز باجماعت اور دیگر قرآنی احکامات کا پابند بنایا جائے۔

(2)نومبائعین کا خلیفۃ المسیح سے رابطہ اور تعلق پیدا کیا جائے۔ اس غرض سے خصوصاً M.T.A سُنوانے کا خصوصی اہتمام کیا جائے۔ اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ان سے دعائیہ خطوط لکھوائیں ۔

(3)نومبائعین کو تجنید میں شامل کیا جائے نیز مالی قربانی کی طرف توجہ دلائی جائے۔

(4)نومبائعین کی تعلیمی و تربیتی کلاسز کا بھی انعقاد کیا جائے۔

# قیادت شعبہ تبلیغ

شعبہ تبلیغ کو مؤثر بنانے سے متعلق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ارشاد ہے کہ: ہر مجلس کی CAPACITY کے مطابق ان کو بیعتوں کے ٹارگیٹ دیں، جب ٹارگیٹ ملے گا تو کوشش ہو گی۔ ٹارگیٹ نہیں ہو گا تو کوشش نہیں ہو گی ۔ نیز حضور نے تبلیغ کے کاموں میں جدت پیدا کرنے اور نئے راستے نکالنے کی طرف بھی توجہ دلائی ہے ۔ اس بارہ میں سوچتے رہنا چاہیئے اور ماحول کے مطابق تبلیغ کے موثر ذرائع اپنانے کی کوشش ہونی چاہیئے۔

(1)مرکز سے موصول ہونے والے بیعتوں کے ٹارگیٹ کو پورا کرنے کے لئے پروگرام بنائیں اور دعاؤں کے ساتھ اس ٹارگیٹ کی تکمیل کے لئے انصار کو مسلسل توجہ دلاتے رہیں۔

(2 )علاقہ ،ضلع ،زعامت علیاء، مجلس اور حلقہ کی سطح پر کمیٹی کی تشکیل ضروری ہے۔

(3) تبلیغی کمیٹی کے اجلاسات ہر ماہ،باقاعدگی کے ساتھ منعقد کریں اوراس کی سفارشات پر عملدرآمد سے متعلق مجلس عاملہ جائزہ لے۔

(4)مرکز سے موصولہ لیف لیٹس کی تقسیم ہدایات کے مطابق کی جائے۔ لیف لیٹ کی تقسیم کی رپورٹ بروقت دفترانصاراللہ میں بھجوائیں۔

(5)دعوت الی اللہ کے جہاد میں زیادہ سے زیادہ انصار کو شامل کیاجائے اور داعین الی اللہ کی فہرست مرکزارسال کی جائے۔

(6)سال میں کم از کم ایک بار ضلع کی سطح پر جملہ عہدیداران شعبہ تبلیغ اور تبلیغی کمیٹیز نیز داعین الی اللہ کا ریفریشر کورس ضرور منعقد کریں۔

(7)بزم ارشاد کے تحت انصار کے گاہے بگاہے اجلاسات منعقد کئے جائیں۔

(8)سال میں کم از کم چار بار یوم تبلیغ منعقد کرنے کی کوشش کریں۔

(9)ایم ٹی اے اور جدید ایجادات سے بھرپور استفادہ کیاجائے۔ سیدنا حضور انور کے خطبات،خطابات ودیگر مواقع کی نصائح پر مشتمل کلپس لوگوں کو دکھائے جائیں۔

(10)شعبہ نور الاسلام کی طرف سے دعوت الی اللہ کے لئے Twitter Campaign چلائی جاتی ہے اس میں زیادہ سے زیادہ انصار شامل ہوں۔

(11) داعیان الی اللہ انصار کی فہرست بنا کر مرکز بھجوائیں اور ان کی ٹریننگ اور ان کے علم میں اضافہ کی غرض سے پروگرامز بنائیں۔
(12) کتاب نبیوں کا سردار (لائف آف محمد ﷺ) اور حضور انور ایدہ اللہ کی کتاب 'عالمی بحران اور امن کی راہ' (ورلڈ کرائسس اینڈ پاتھ وے ٹو پیس) کو موزوں احباب کو زیادہ سے زیادہ پہنچانے میں انصار تعاون کریں۔
(13) بُک سٹالز لگائے جائیں۔ اور جماعتی طور پر منعقد ہونے والے بُک سٹالز اور بُک فیئر زمیں زیادہ سے زیادہ انصار شامل ہوں۔
(14) تبلیغ کے حوالہ سے مجلس شوریٰ مجلس انصار اللہ بھارت 2019ء کے موقع پر سیدنا حضور انور ایدہ اللہ سے منظور شدہ تجاویز کو عملی جامہ پہنایا جائے۔
(15) سال میں تین تبلیغی جلسوں کا اہتمام کرنے کی کوشش کریں اور زیر تبلیغ احباب کو خاص طور پر مدعو کریں۔

# قیادت شعبہ ایثار وخدمت خلق

اپنے ماحول میں غرباء و مصیبت زدگان کی مناسب رنگ میں امداد کی جائے۔
(1) بیماروں کی تیمارداری کی جائے، غریبوں کے لئے ادویات فراہم کی جائیں۔ ہسپتالوں میں جا کر مریضوں میں پھل اور ضروری اشیاء تقسیم کی جائیں۔
(2) صف دوئم کے انصار کا بلڈ ٹیسٹ کروا کر عطیہ خون کے لئے انصار کو تیار کیا جائے۔
(3) انصار کو فرسٹ ایڈ کی بنیادی تربیت دی جائے۔
(4) موزوں مقامات پر میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جائے۔

(5) مساجد و محلوں کی صفائی کے لئے اجتماعی وقار عمل کیا جائے۔ ہر سال کم از کم ایک اجتماعی مثالی وقار عمل ضرور کیا جائے۔

(6) موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے شجر کاری کے پروگرامز ضرور منعقد کئے جائیں۔

(7) یتامیٰ کی فہرست بنا کر حسب توفیق عیدین یا کسی اور مناسب موقع پر مقامی طور پر ان کی کچھ امداد کریں۔ ایسی فہرست دفتر مجلس انصار اللہ بھارت کو بھی ارسال کریں۔

**نوٹ:۔** UNICEF کے مطابق 18 سال سے کم عمر کے ایسے بچے بچیاں یتامیٰ کے زمرہ میں شامل ہوتے ہیں جن کی والدہ یا والد وفات پا چکے ہوں۔

8) سال میں کم از کم ایک مرتبہ نئے یا قابل استعمال کپڑے اور کمبل تقسیم کرنے کا پروگرام رکھیں۔ مقامی زعیم مجلس انصار اللہ اپنی مجلس میں باقاعدہ اعلان کر کے نئے یا قابل استعمال کپڑے اور کمبل ایک جگہ جمع کر کے غرباء یا ضرورت مند افراد میں اجتماعی طور پر تقسیم کروائیں۔

# قیادت ذہانت وصحت جسمانی

(1) اپنی عمر کے حساب سے انصار کو باقاعدہ سیر و ہلکی ورزش کی تحریک کریں۔ زیادہ سے زیادہ انصار سائیکل چلانے کو ترجیح دیں۔

(2) مختلف کھیلوں کو ترویج دی جائے۔

(3) مجلس کی سطح پر سال میں ایک بار پکنک کا انتظام کیا جائے۔

(4) تربیتی کیمپ، ریفریشر کورس اجتماعات کے موقع پر انصار کا طبی معائنہ کروایا جائے۔

(5) کوشش کی جائے کہ بڑی مجالس میں ہیلتھ کلب بنائے جائیں۔
(6) حصول صحت کے اصولوں کو اپنانے کے تعلق سے انصار میں شعور پیدا کیا جائے۔
(7) احمدی ڈاکٹروں کے ذریعہ انصار کا طبی معائنہ کیا جائے۔

# انصاراللہ صف دوئم

سیدنا حضور انور ایدہ ُاللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مجلس انصار اللہ بھارت کو خصوصی ہدایت ہے کہ: صفِ دوم کے انصار کو خاص طور پہ کہیں کہ سائیکل چلانا آپ کے پروگرام کا ایک حصہ ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے زمانے سے مقرر ہے۔ نیز سائیکل کے مقابلہ جات بھی کروانے کی طرف توجہ کرنے کی بھی حضور ایدہ ُاللہ تعالیٰ نے ہدایت فرمائی ہے۔
انصار کی صحت کے پیش نظر ان کو متحرک و فعال رکھنے کے لئے سائیکل کو زیادہ سے زیادہ رواج دیں۔ نیز سائیکل ٹور و پکنک کا انعقاد کریں۔
دوران سال ایک مرتبہ ہفتہ وصیت ضرور منعقد کریں۔
جلسہ سالانہ کے موقع پر رضا کاروں کی فراہمی کے لئے شروع سال سے صف دوئم کے انصار کو توجہ دلاتے رہیں۔ نیز زیادہ سے زیادہ انصار کو جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے تحریک کریں۔
3) انصار اپنے اہل و عیال کو بھی اس تحریک میں شامل کریں۔

# قیادت اشاعت

(1) ارا کین مجلس انصاراللہ قلمی معاونت کرتے ہوئے تعلیمی و تربیتی موضوعات پر رسالہ انصاراللہ کیلئے مضامین بھجوائیں۔

(2)ارا کین انصار اللہ کو" رسالہ انصار اللہ" کازیادہ سے زیادہ خریدار بنایاجائے۔

(3)مقامی طور پر کسی بھی قسم کی اشاعت سے قبل مر کزسے اجازت ضرورلی جائے۔

(4) مر کزسے شائع ہونےوالی کتب انصار کی تعلیم وتربیت کے لئے مر کز سے حاصل کریں۔

(5)قیادت اشاعت کے زیر اہتمام جاری مجلس انصار اللہ بھارت کی ویب سائٹ کی تشہیر اور ترویج میں بھرپور معاونت کریں۔

(6) اشاعتی سر گرمیوں میں بھی بھرپور تعاون کرتے ہوئے قابل اشاعت تصاویر اور لٹریچر بھجوانے کے علاوہ ویب سائٹ اور رسالہ کے لئے تکنیکی معاونت کے قابل انصار کی حوصلہ افزائی کریں۔

# قیادت تحریک جدید

(1) ضلع کی سطح پر نائب ناظم اور مقامی سطح پر منتظم تحریک جدید مقرر کریں۔

(2)سوفی صد انصار تحریک جدید کے مالی جہاد میں شریک ہوں۔

(3)انصار اپنے اہل وعیال کو بھی اس تحریک میں شامل کریں۔

(4) دفتر اوّل کے مرحومین کے کھاتوں کو زندہ کرنے کی کوشش کی جائے۔

# قیادت وقف جدید

(1) ضلع کی سطح پر نائب ناظم اور مقامی سطح پر منتظم وقف جدید مقرر کریں۔
(2) انصار اللہ کے تمام اراکین وقف جدید کے مالی جہاد میں شمولیت اختیار کریں۔

# قیادت مال

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے قیادت مال کے کاموں میں بہتری لانے کے سلسلہ میں ہدایت فرمائی ہے: کہ لوگوں کو بتائیں کہ مالی قربانی قرآن کریم کا حکم ہے۔ یہ کوئی ٹیکس نہیں ہے۔... تم نے جو بھی دینا ہے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر دینا ہے اور قرآنی حکم کے ماتحت دینا ہے۔ تو اگر صحیح طریقے سے نرمی سے پیار سے، سمجھا کے، حکمت سے، دانائی سے،... پھر موعظة حسنه کا استعمال کریں تو آپ کا وعظ کامیاب ہو جائے گا۔

(1) اپنا تشخیص شدہ بجٹ دفتر انصار اللہ میں 31 جنوری تک ضرور بھجوائیں۔
بجٹ فارم اور تجنید فارم کو اب یکجا کیا گیا ہے۔ اسی فارم پر اپنی مجلس کی تجنید اور بجٹ درج کر کے بھجوائیں۔
(2) بجٹ کی وصولی کے لئے دعاؤں کے ساتھ ساتھ ہر مہینہ وصولی کی کوشش کریں۔
(3) جُوں جُوں چندہ وصول ہوتا جائے اسے مرکز میں بھجوایا جائے۔

(4)جملہ چندہ جات مقرر رشدہ رسید بک پر ہی لیے جائیں اور کسی ناصر سے کوئی رقم بلا رسید وصول نہ کی جائے۔

(5)سال میں دو دفعہ (ماہ اپریل اور ماہ ستمبر میں) ہفتہ مال منائیں۔

(6)**چندہ جات کی شرح:۔** چندہ **مجلس**:ماہانہ آمد پر **ایک فیصد۔**

چندہ مجلس کا85فیصد مرکزی اور15فیصد مقامی مجلس کا ہو گا۔

چندہ سالانہ اجتماع:سالانہ آمد پر ڈیڑھ فی صد (سال میں ایک بار)۔

چندہ اشاعت: کم سے کم شرح60روپے، مخیر احباب حسب توفیق ادا کریں۔

(7)نو مبائعین کو بجٹ میں شامل کیا جائے۔

# آڈٹ

حسابات اور رسید بکس کی ساتھ ساتھ پڑتال کی جائے۔ ہر سہ ماہی میں آڈٹ رپورٹ بھجوائیں۔

# معیار موازنہ مابین مجالس انصاراللہ بھارت

شعبہ عمومی کل نمبرات128

بروقت رپورٹ 24

اجلاس عاملہ 12

اجلاس عاملہ برائے قیام نماز 12

مقامی سالانہ اجتماع 30

سالانہ رپورٹ 50

تجنید کل نمبرات 156

بروقت تجنید و تشخیص بجٹ فارم 24

سائقین کا نظام 24

رجسٹر تجنید 12

موصی ممبران عاملہ (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 48

دیگر موصی انصار (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 48

تعلیم کل نمبرات 196

مطالعہ کتب کرنے والے ممبران عاملہ (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر، کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 24

مطالعہ کتب کرنے والے دیگر انصار (50 فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 24

امتحان دینی نصاب (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 50

انعامی مقالہ (20 کی کسر پر 1 مقالہ ہو تو پورے نمبر) 50

زبان اردو سکھانے کے خصوصی پروگرامز 48

## تعلیم القرآن و وقف عارضی — کل نمبرات 252

| | |
|---|---|
| تعلیم القرآن کلاسیس | 24 |
| ناظرہ / صحت تلفظ جاننے والے (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 36 |
| سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو (12) بونس نمبرز) | 24 |
| قرآن ناظرہ سیکھنے والے بونس | 12 |
| قرآن باترجمہ جاننے والے (50 فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 48 |
| سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو بونس نمبرز) | 24 |
| قرآن باترجمہ سیکھنے والے بونس | 12 |
| وقف عارضی (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 24 |
| وقف عارضی (دیگر انصار) | 48 |

**نوٹ** : جن مجالس میں سارے ہی جاننے والے ہیں بونس والے نمبر اُن کو بھی ملیں گے

## تربیت — کل نمبرات 456

| | |
|---|---|
| تربیتی اجلاسات | 60 |
| پنجوقتہ نماز (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 24 |
| پنجوقتہ نماز دیگر انصار (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 60 |
| نماز باترجمہ جاننے والے (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 48 |
| سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو بونس نمبرز) | 24 |
| نماز باترجمہ سیکھنے والے بونس | 12 |
| تلقین نماز | 24 |
| نمازوں کی نگرانی | 24 |

| | |
|---|---|
| روزانہ تلاوت (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 24 |
| روزانہ تلاوت (دیگر انصار) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 48 |
| نفلی روزہ (ممبران عاملہ) | 24 |
| نفلی روزہ (دیگر انصار) | 24 |
| خطبہ جمعہ ایم ٹی اے (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 12 |
| خطبہ جمعہ ایم ٹی اے (دیگر انصار) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 48 |

| تربیت نومبائعین کل نمبرات | 156 |
|---|---|
| پنجوقتہ نماز | 24 |
| نماز باجماعت | 24 |
| اجلاسات نومبائعین | 24 |
| پروگرام مؤاخات | 12 |
| روزانہ تلاوت | 24 |
| فعال نومبائعین | 24 |
| خطبہ جمعہ بذریعہ MTA | 24 |

| تبلیغ کل نمبرات | 226 |
|---|---|
| تعداد داعین (10 فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 20 |
| وقف ایام | 12 |
| مذاکرہ | 12 |
| زیر تبلیغ افراد | 12 |
| نئے رابطے ہر ماہ | 12 |

WE ARE THE HELPERS OF ALLAH ★ MAJLIS ANSARULLAH BHARAT

تبلیغی نمائش 12

تعداد بک سٹال 12

بیعتیں (ممبران عاملہ) (مقررہ ٹارگیٹ مکمل کرنے پر پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 48

بیعتیں (دیگر انصار) 50

تقسیم لٹریچر 12

سوشل میڈیا تبلیغ 12

تبلیغ ایم ٹی اے 12

## ایثار وخدمت خلق کل نمبرات 242

عطیہ خون 48

ضرورتمندوں کی امداد 12

علاج ومعالجہ 12

عیادت 12

معمر افراد کی مزاج پرسی 12

بھوکوں کو کھانا 12

میڈیکل کیمپ 50

اجتماعی وقارعمل 60

یتامیٰ کیلئے رفاہی پروگرامز کی علیحدہ رپورٹ بھجوانے پر 24

## صحت جسمانی کل نمبرات 60

سائیکلنگ / سیر (ممبران عاملہ) (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر) 12

سیر یاورزش (دیگر انصار) (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر) 24

| | | |
|---|---|---|
| سائیکلنگ (دیگر انصار) (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) | | 24 |
| صف دوم | کل نمبرات | 24 |
| نئی وصیتیں | | **24** |
| اشاعت | کل نمبرات | 48 |
| خریداران انصاراللہ | | 24 |
| مضامین برائے انصار اللہ | | 24 |
| (ماہانہ کارگزاری رپورٹ کے ساتھ مضامین کے نقول بھیجنے کی صورت میں ہی نمبرات دیئے جائیں گے) | | |
| مال | کل نمبرات | 70 |
| بروقت مکمل وصولی وترسیل رقوم | | 50 |
| ہفتہ مال (سال میں دومرتبہ منعقد کرنے پر پورے نمبر) | | 20 |
| تحریك جديد | کل نمبرات | 40 |
| وقف جدید | کل نمبرات | 40 |
| آڈٹ | کل نمبرات | 36 |
| اختيار ي نمبرات صدر مجلس | | 120 |
| کل میزان نمبرات موازنہ مجالس | | 2250 |

# معیار موازنہ مابین ناظمین اضلاع

| | |
|---|---|
| **شعبہ عمومی** | **کل نمبرات272** |
| بروقت رپورٹ | 24 |
| اجلاس عاملہ | 12 |
| دورہ جات ناظم ضلع | 50 |
| دورہ جات ممبران عاملہ | 36 |
| سالانہ اجتماعات مجالس (تمام مجالس میں انعقاد ہونے پر مکمل نمبر) | 50 |
| سالانہ ضلعی اجتماع | 50 |
| سالانہ رپورٹ | 50 |

| | |
|---|---|
| **تجنید** | **کل نمبرات 96** |
| روقت ماہانہ رپورٹس بھجوانے والی مجالس (صدفیصد ہو تو مکمل نمبر) | 24 |
| بروقت تجنید و تشخیص بجٹ فارم بھجوانے والی مجالس (صدفیصد ہو تو مکمل نمبر) | 24 |
| موصی ممبران عاملہ (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 48 |

| | |
|---|---|
| **تعلیم** | **کل نمبرات 148** |
| مطالعہ کتب کرنے والے ممبران عاملہ (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر، کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 24 |
| اردو جاننے / سیکھنے والے ممبران عاملہ (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر، کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 24 |
| امتحان دینی نصاب منعقد کرنے والی مجالس (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر) | 50 |
| انعامی مقالہ بھجوانے والی مجالس (صدفیصد ہوں تو پورے نمبر) | 50 |

**تعلیم القرآن و وقف عارضی** **کل نمبرات 204**

تعلیم القرآن کلاسیس لگانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 24

ناظرہ / صحت تلفظ جاننے والے ممبران عاملہ (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 36

سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو (12) بونس نمبرز) 24

قرآن ناظرہ سیکھنے والے بونس 12

قرآن باترجمہ جاننے والے (ممبران عاملہ) (50 فیصد ہوں تو پورے نمبر) 48

سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو بونس نمبرز) 24

قرآن باترجمہ سیکھنے والے بونس 12

وقف عارضی (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 24

**نوٹ :** جن مجالس میں سارے ہی جاننے والے ہیں بونس والے نمبر اُن کو بھی ملیں گے

تربیت کل نمبرات 276

تربیتی اجلاسات منعقد کرنے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) 60

پنجوقتہ نماز (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 24

نماز باترجمہ جاننے والے (ممبران عاملہ) (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) 48

سیکھنے والے (سیکھنے والوں میں سے 50 فیصد سیکھ جائیں تو پورے نمبر، زائد ہوں تو بونس نمبرز) 24

نماز باترجمہ سیکھنے والے بونس 12

تلقین نماز (ممبران عاملہ) 24

نمازوں کی نگرانی (ممبران عاملہ) 24

روزانہ تلاوت (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 24

نفلی روزہ (ممبران عاملہ) 24

خطبہ جمعہ ایم ٹی اے (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) 12

| تربیت نومبائعین | کل نمبرات 156 |
|---|---|
| پنجوقتہ نماز | 24 |
| نماز باجماعت | 24 |
| اجلاسات نومبائعین | 24 |
| پروگرام مؤاخات | 12 |
| روزانہ تلاوت | 24 |
| فعال نومبائعین | 24 |
| خطبہ جمعہ بذریعہ MTA | 24 |

| تبلیغ | کل نمبرات 140 |
|---|---|
| تعداد داعین (10 فیصد ہوں تو پورے نمبر) | 20 |
| وقف ایام | 12 |
| تبلیغی نمائش لگانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) | 12 |
| تعداد بک سٹال لگانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) | 12 |
| بیعتیں (ممبران عاملہ) (مقررہ ٹارگیٹ مکمل کرنے پر پورے نمبر کم ہونے کی صورت میں نسبتی نمبر) | 48 |
| تقسیم لٹریچر | 12 |
| سوشل میڈیا تبلیغ | 12 |
| تبلیغ ایم ٹی اے | 12 |

| ایثار وخدمت خلق | کل نمبرات 122 |
|---|---|
| عطیہ خون کرنے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) | 48 |
| میڈیکل کیمپ لگانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) | 50 |

یتامی کیلئے رفاہی پروگرامز منعقد کرنے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) 24

صحت جسمانی کل نمبرات 48

سیر یا ورزش (ممبران عاملہ) (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 24

سائیکلنگ (ممبران عاملہ) (پچاس فیصد ہوں تو پورے نمبر) 24

صف دوم کل نمبرات 24

نئ وصیتیں کروانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو مکمل نمبر) 24

اشاعت کل نمبرات 24

اشاعتی کارروائی کرنے والی مجالس (صد فی صد ہوں تو مکمل نمبر) 24

مال کل نمبرات 24

ہفتہ مال منعقد کرنے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 24

آڈٹ کل نمبرات 36

آڈٹ رپورٹ بھجوانے والی مجالس (صد فیصد ہوں تو پورے نمبر) 36

اختیار ي نمبرات صدر مجلس 130

کل میزان نمبرات موازنہ مجالس 1700

**نوٹ:** ممبران عاملہ سے مراد یہاں ہر جگہ ممبران مجلس عاملہ ضلع ہیں۔

# سالانہ کیلنڈر تقریبات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | دعائیہ خط حضور انور | ہر ماہ کی پہلی تاریخ |
| 2 | ماہانہ میٹنگ مجلس عاملہ | ہر ماہ پہلے ہفتہ میں |
| 3 | ماہانہ رپورٹ | مجلس کی 5 تاریخ سے پہلے ضلع کی 15 تاریخ سے پہلے |
| 4 | باجماعت نماز تہجد | ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو |
| 5 | ریفریشر کورس عہدیداران | سہولت کے مطابق سال کے شروع میں |
| 6 | یوم مصلح موعودؓ | 20 فروری<br>(اس روز باجماعت نماز تہجد) |
| 7 | فہرست چندہ دہندگان. وقف جدید و تحریک جدید | 22 فروری |
| 8 | سہ ماہی آڈٹ رپورٹ | 31 مارچ/30 جون/ 30 ستمبر /31 دسمبر |
| 9 | یوم مسیح موعود علیہ السلام | 23 مارچ<br>(اس روز باجماعت نماز تہجد) |
| 10 | ہفتہ مال | پہلا ہفتہ مال 7-1 اپریل |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | یوم خلافت | 27 مئی (اس روز باجماعت نماز تہجد) |
| 12 | امتحان دینی نصاب | 18 مئی 2025ء |
| 13 | یوم تبلیغ | 27 اپریل 23 نومبر 2025ء |
| 14 | مقالہ بھجوانے کی آخری تاریخ | 31 جولائی 2025ء |
| 15 | سالانہ رپورٹ | 31 جنوری 2026ء |
| 16 | تجاویز و فہرست منتخب ممبران برائے شوریٰ مجلس انصار اللہ بھارت | یکم ستمبر سے پہلے |
| 17 | ہفتہ مال | دوسرا ہفتہ مال 7-1 ستمبر |
| 18 | فہرست متوقع شاملین سالانہ اجتماع قادیان | 4 ستمبر |
| 19 | بجٹ و تجنید | 31 جنوری |
| 20 | فہرست رضاکاران صف دوئم برائے جلسہ سالانہ قادیان | 15 نومبر |
| 21 | جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت | آخری عشرہ دسمبر |
| 22 | تربیتی جلسہ | سہولت کے مطابق ہر ماہ مقامی مجلس عاملہ مقامی موزوں تاریخ مقرر کرے |
| 23 | وقار عمل | سہولت کے مطابق ہر ماہ مقامی مجلس عاملہ مقامی موزوں تاریخ مقرر کرے |
| 24 | میڈیکل کیمپ | سہولت کے مطابق تاریخوں میں |
| 25 | وصولی چندہ و رپورٹ | ہر ماہ کی 10 تاریخ کو |
| 26 | جلسہ سیرۃ النبی ﷺ | ہر سہ ماہی میں ایک بار |
| 27 | مقامی اجتماع | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کی منظوری صدر مجلس سے حاصل کرکے |

WE ARE THE HELPERS OF ALLAH
MAJLIS ANSARULLAH BHARAT

| | | |
|---|---|---|
| 28 | پکنک | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کو |
| 29 | بزم ارشاد | سہولت کے مطابق موزوں تاریخ کو |
| 30 | سیمینار بعنوان" اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم" | سہولت کے مطابق سال میں کم از کم ایک مرتبہ |

نوٹ:

مذکورہ بالا اہم پروگراموں کے بارہ میں بعض جگہ تاریخ مقرر نہیں گئی ہے۔ مقامی طور پر سہولت کے مطابق سال کے شروع میں ہی ان تمام پروگراموں کی معین تاریخ مقرر کر کے کیلنڈر تیار کیا جائے اور پھر اس کے مطابق یہ تمام امور سرانجام دئے جائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو احسن رنگ میں یہ تمام کام سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور خلیفہ وقت کی خوشنودی کا مستحق اور دعاؤں کا وارث بنائے۔ آمین

(شائع کردہ: قیادت اشاعت مجلس انصار اللہ بھارت)